Video Conference of senior health professionals of SAARC countries on the fight against Covid-19

March 27, 2020

کووڈ -19 سے مقابلہ کرنے کے لئے سارک ممالک کے سینئر ہیلتھ پروفیشنلز کی ویڈیو کانفرنس

27 مارچ، 2020

وزیر اعظم نے سارک رہنماؤں کی 15 مارچ 2020 کی ویڈیو کانفرنس میں اعلان کیا تھا کہ سارک کے تمام ممبر ممالک کے صحت کے ہیلتھ پروفیشنلز کووڈ 19 کے خلاف عملی سطح پر مشترکہ جدوجہد میں تعاون کو آگے بڑھانے کے لئے ویڈیو کانفرنس کریں گے۔

اس اعلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے، ڈائریکٹر جنرل آف ہیلتھ سروسز (ڈی جی ایچ ایس) کی سطح پر سارک کے تمام ممالک کی نمائندگی کرنے والے ہیلتھ پروفیشنلز کی ویڈیو کانفرنس 26 مارچ 2020 کو منعقد ہوئی۔ ہندوستان کی ڈائریکٹر جنرل آف ہیلتھ سروسز کی زیر صدارت اس کانفرنس میں، کووڈ 19 سے متعلق مختلف امور پر تمام اطراف کی فعال اور بامقصد شرکت کے ساتھ وسیع پیمانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ہندوستان کی جانب سے، ہندوستان کے رسپانس پر ایک جامع پریزنٹیشن پیش کی گئی جس میں بیماری کی سرویلانس، بیمار کے رابطے میں آنے والے لوگوں کا سراغ لگانا، سفر کی پابندیاں اور شہریوں کا انخلاء، خطرات کی تشخیص، بیماری کی تشخیص، آئسولیشن اور قرنطینہ کے طریقے اور سہولیات، مریضوں کا طبی انتظام، علاج کے اختیارات اور پروٹوکول اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کی حفاظت کے پہلوؤں کا احاطہ شامل ہے۔ اسی طرح سارک کے دوسرے تمام ممالک نے اپنی متعلقہ ترتیبات میں کووڈ 19 چیلنج سے نمٹنے کے لئے اپنے اپنے تجربات شیئر کیے۔ تمام ممالک نے اپنی مخصوص خطرات، صلاحیتوں، بہترین طریق کار، وسائل اور لوجیسٹکس میں فرق، نجی شعبے میں شرکت کے ساتھ ساتھ تیاری کی سطح پر بھی روشنی ڈالی۔ سارک خطے میں حکومتوں کے ذریعہ کئے گئے بڑے پیمانے پر ہنگامی اقدامات کو بڑھانے کے لئے کسی بھی کووڈ 19 حکمت عملی میں معاشرتی شمولیت اور شراکت کو ایک اہم عنصر کے طور پر مانا گیا ہے۔

ہندوستان نے سارک کے تمام ممالک کے لئے مشترکہ طور پر کورونا وائرس کی وبا کا مقابلہ کرنے کے لئے معلومات، علم، مہارت اور بہترین طریقوں کا تبادلہ کرنے کے لئے مشترکہ الیکٹرانک پلیٹ فارم کی تجویز پیش کی۔ اس بات کی وضاحت کی گئی کہ پلیٹ فارم کی تشکیل میں پہلے ہی کافی کام ہوچکا ہے، جو کہ ایک کثیر المقاصد طریقے کے طور پر بھی کام کرسکتا ہے جو ہنگامی رسپانس

کے اہلکاروں کے لئے آن لائن تربیت، علم کی شراکت داری، بیماری کی سرویلانس میں مہارت کا اشتراک جیسے کاموں کے بارے میں مزید بات چیت کرنے اور ان سرگرمیوں کو بروئے کار لانے میں مدد فراہم کر سکتا ہے، جس میں متعلقہ سافٹ وئیر، اور وبائی مرض کے لئے نئی تشخیصی اور علاج کی مداخلت کے لئے مشترکہ تحقیق کے عمل شامل ہیں۔ ہندوستانی فریق نے تجویز پیش کی کہ اس وقت تک جب تک کہ الیکٹرانک پلیٹ فارم مکمل طور پر چل رہا ہے، سارک ممالک کے مابین ہیلتھ سروسز کی نمائندگی کرنے والے ماہرین کا ایک نیٹ ورک ای میل / واٹس ایپ پر تشکیل دیا جائے تاکہ سارک ممالک کے مابین تمام متعلقہ معلومات کا تبادلہ حقیقی وقت پر ہو سکے۔

سارک کے تمام ممبر ممالک کی پرجوش اور تعمیری شرکت نے خطے میں کورونا وائرس وبا کی درپیش چیلنج کو شکست دینے کے لئے مل کر کام کرنے کے مشترکہ عزم کا مظاہرہ کیا۔

نئی دہلی

27 مارچ، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.